# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism " پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: عربی ادب (عربی لٹریچر) (1905)** **سمسٹر: خزاں,2026**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ**

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ نمبر1-5)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر1۔ الرحمٰن اور الرحیم کے صیغۂ مبالغہ ہونے سے اللہ کی رحمت کا کون سا تصور ابھرتا ہے؟ (20)

سوال نمبر2۔ "لَا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيِ اللهِ وَرَسُولِهِ" سے فقہی اور اخلاقی اصول کیسے اخذ ہوتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر3۔ الرحمٰن، علّم القرآن میں ترتیبِ الفاظ سے اللہ کی رحمت اور ہدایت کا کیا ربط ظاہر ہوتا ہے؟ (20)

سوال نمبر4۔ لفظ حدیث کے لغوی اور اصطلاحی مفہوم میں کیا فکری فرق ہے؟ (20)

سوال نمبر5۔ حدیث "لا حسد إلا علی اثنتین" میں رشک کو کن حدود میں جائز قرار دیا گیا ہے اور کیوں؟ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ نمبر6-9)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر1۔ سیرتِ رسول ﷺ کو ایمان کا لازمی تقاضا کیوں کہا گیا ہے؟ (20)

سوال نمبر2۔ عربی زبان میں اعراب کا نظام معنی کی وضاحت میں کیا کردار ادا کرتا ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ صحرائی زندگی نے عربی شاعری کے اسلوب کو کیسے تشکیل دیا؟ (20)

سوال نمبر4۔ عربی نشاۃِ ثانیہ (النھضۃ) نے عربی زبان و ادب پر کیا اثرات مرتب کیے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ حافظ ابراہیم نے عربی زبان کے زوال کا نوحہ کس انداز میں کیا ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)